**16.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ اسعداللہ

**Music**

☆ حکومت نے اِس مہینے کی 21 تاریخ سے شروع ہونے والے پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس سے قبل اتوار کو کُل پارٹی میٹنگ طلب کی ہے۔

2- بھارت نے اپنے شہریوں کو خطے میں بڑھتے ہوئے سیکورٹی خدشات کے تناظر میں ایران کے غیرضروری سفر سے گریز کرنے کا مشورہ دیا ہے۔

3- مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس FATF نے ڈیجیٹل دور میں دہشت گردی کی مالی مدد کے بڑھتے ہوئے خطرات کیلئے خبردار کیا ہے۔ اُس نے اِس میں پاکستان کے رول کو بھی اجاگر کیا ہے۔

4- CBSE نے اسکولوں سے آئل بورڈس قائم کرنے کیلئے کہا ہے تاکہ طلباء میں صحت مند طرز زندگی کو فروغ دیا جاسکے۔

5- بیڈمنٹن میں لکشیہ سین نیز سَتوِک سائی راج رنگی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی ٹوکیو میں جاپان اوپن کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہے۔

6- اور، خواتین کرکٹ میں Southampton میں آج شام بھارت اور میزبان انگلینڈ کے درمیان تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ کھیلا جائے گا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**GOVT-ALL PARTY MEETING**

حکومت نے، پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس سے قبل اتوار کو ایک کُل جماعتی میٹنگ طلب کی ہے۔ میٹنگ کے دوران حکومت سبھی سیاسی پارٹیوں سے تعاون طلب کرے گی، تاکہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی خوش اسلوبی کے ساتھ کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے۔ مانسون اجلاس اس مہینے کی 21 تاریخ سے اگلے مہینے کی 21 تاریخ تک منعقد ہوگا۔ اجلاس کے دوران بہت سے اہم بل بحث و مباحثے اور منظوری کیلئے پیش کیے جائیں گے۔×

**IRAN INDIANS ADVISORY**

ایران میں بھارتی سفارتخانے نے بھارتی باشندوں پر زور دیا ہے کہ وہ ایران کے غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔ سفر سے متعلق یہ ایڈوائزری پچھلے کچھ ہفتوں سے خطے میں بڑھتی سکیورٹی تشویش کے تناظر میں جاری کی گئی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں سفارتخانے نے بھارتی باشندوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ایران کا غیر ضروری سفر کرنے سے قبل موجودہ صورتحال کے بارے میں بہت دھیان سے غور کریں۔ سفارتخانے نے تازہ علاقائی صورتحال کی نگرانی کرنے اور بھارتی حکام کے ذریعے اپ ڈیٹڈ ایڈوائزری پر عمل کیے جانے کا بھی مشورہ دیا ہے۔x

**CBSE**

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے اسکولوں سے آئل بورڈس قائم کرنے کیلئے کہا ہے تاکہ طلباء میں صحت مند طرز زندگی کو فروغ دیا جاسکے۔ اسکولوں کے سربراہان کے نام ایک خط میں CBSE نے اُن سے کہا ہے کہ وہ تغذیہ بخش اور صحت مند خوراک کی دستیابی اور جسمانی ورزش سے متعلق اقدامات کے ذریعے اسکولوں میں صحت مند کھانے اور جسمانی سرگرمیوں کو فروغ دیں۔ CBSE نے اُن سے یہ بھی کہا ہے کہ وہ طلباء کو سیڑھیوں کا استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کریں اور جسمانی ورزش سے متعلق مختصر وقفے کی چھٹی کریں اور پیدال چلنے کے راستے میں سہولت فراہم کریں۔

Lancet GBD-2021 کے موٹاپے کی پیش گوئی کرنے والے ایک مطالعے کے مطابق بھارت میں زیادہ وزن والے اور موٹاپے کے شکار بالغوں کی تعداد 2021 میں 18 کروڑ سے بڑھ کر 2025 تقریباً 45 کروڑ ہوجانے کا امکان ہے۔ اِس طرح بھارت کے عالمی سطح پر موٹاپے کے لحاظ سے دوسرا ملک بن جانے کا اندیشہ ہے۔X

**CDS-OPRATION SINDOOR**

چیف آف ڈفینس اسٹاف CDS جنرل انل چوہان نے آج کہا ہے کہ آپریشن سِندور کے دوران پاکستان نے بغیر ہتھیار والے ڈرونز اور گولہ بارود کا استعمال کیا تھا، جنہیں بھارتی مسلح افواج نے ناکارہ بنا دیا۔ نئی دلّی میں انسان کے بغیر پرواز کرنے والے ڈرونز اور دشمن کے ڈرونز کو مار گرانے والے ملک میں ہی تیار ہونے والے آلات سے متعلق ایک ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے جنرل چوہان نے کہا کہ پاکستان کے کسی بھی ڈرونز نے بھارتی فوج یا شہری بنیادی ڈھانچے کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا۔ جنرل چوہان نے یہ بھی کہا کہ ملک کو اپنی حفاظت کیلئے سرمایہ کاری اور تعمیر پر خرچ کرنا چاہیے اور غیرملکی تکنیک پر انحصار کم کرنا چاہیے۔

**1400 Anil Chauhan Combat**

**MEA SATYAJIT RAY BANGLADESH**

بھارت نے، بنگلہ دیش سے کہا ہے کہ وہ ممتاز فلمساز ستیہ جیت رے کی موروثی املاک کو منہدم کرنے کے اپنے فیصلے پر نظرِ ثانی کرے۔ بھارت نے، اُس موروثی املاک کے تحفظ میں مدد کرنے کی پیشکش کی ہے، کیونکہ وہ بنگلہ ثقافتی نشاۃ ثانیہ کی ایک علامت ہے۔ Mymen singh کے مقام پر اُس اہم عمارت کو منہدم کرنے کے اقدام کا ذکر کرتے ہوئے بھارت نے بنگلہ دیش سے اپیل کی ہے کہ وہ اس عمارت کو دونوں ملکوں کے مشترکہ ثقافت کی علامت کے طور پر ایک میوزیم میں تبدیل کر دے۔ بھارت نے، اس کیلئے بنگلہ دیش کو تعاون دینے کا عزم بھی ظاہر کیا ہے۔ یہ آئیکونِک اور اہم عمارت ستیہ جیت رے کے دادا اور مشہور ادیب اوپیندر کشور رائے چودھری کی ہے۔ وزارتِ خارجہ کی طرف سے یہ ردِّ عمل اِن خبروں کے بعد سامنے آیا ہے کہ اُس موروثی عمارت کو بنگلہ دیش کے حکام منہدم کر دیں گے۔ ×

**AI APPRECIATION DAY**

آج پورے ملک میں مصنوعی ذہانت کی پزیرائی کا دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بھارت کے بڑھتے عالمی کردار کی عکاسی کرتا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Mayur Jain, Tripti Srivastava**

*بھارت کا مصنوعی ذہانت کا سفر 1960 میں کمپیوٹر سائنس میں جاری تحقیق کے ساتھ شروع ہوا تھا۔ اِس ضمن میں 1986 کا سال ایک سنگِ میل ثابت ہوا، جب معلومات پر مبنی کمپیوٹر سسٹم پروجیکٹ کا آغاز کیا گیا۔ 1990 میں سی-ڈیک جیسے ادارے کی جانب سے جدید سُپر کمپیوٹر کو مصنوعی ذہانت کا ابتدائی دور کہا جاسکتا ہے۔ سال 2000 تک آئی ٹی کمپنیوں جیسے TCS، Infosys اور Wipro نے مصنوعی ذہانت میں سرمایہ کاری شروع کی، جبکہ یونیورسٹیوں نے اِس شعبے میں صلاحیت سازی کے ضمن میں اہم رول ادا کیا۔ 2015 میں ڈیجیٹل انڈیا کی پیش رفت اور 2018 میں نیتی آیوگ کی حکمت عملی نے مصنوعی ذہانت میں ترقی کے نئے راستے ہموار کیے۔ آج بھارت مصنوعی ذہانت کے شعبے میں عالمی سطح پر قائدانہ رول ادا کر رہا ہے۔*

*نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ خبروں کیلئے میں ......*

**TOURISM NYCC**

وزارت سیاحت کے ڈائریکٹر جنرل سُمن Billa نے بھارت کی معدوم ہوتی ہوئی پکوان کی روایات کو محفوظ رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے پکوان کی وراثت تہذیبی یادگار اور علاقائی تکنیک پر مبنی ہے۔ نئی دلی میں

National Young Chef Compitition کا آغاز کرتے ہوئے جناب Billa نے اِن روایات کو مستحکم کرنے اور عالمی سطح پر بہترین پکوان کی دنیا میں بھارت کی موجودگی کو وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا۔X

**JHARKHAND-NAXAL**

جھارکھنڈ میں بوکارو ضلع میں Lugu Hills کے Kashitand جنگلاتی علاقے میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپ میں دو نکسلی مارے گئے ہیں۔ اس مڈبھیڑ میں کوبرا بٹالین کا ایک جوان بھی ہلاک ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ذیلی زونل نکسل کمانڈر کنور مانجھی مڈبھیڑ میں مارے گئے دو نکسلیوں میں شامل ہے۔ ماؤنواز کنور مانجھی عرف شاہ دیو مانجھی پر 5 لاکھ روپے کا انعام تھا۔ دو مہینے کے عرصے میں سیکورٹی فورسز کی یہ ایک اور کامیابی ہے۔ اس سے ایک دن پہلے JJMP علاقے کے کمانڈر لَونیش گنجو نے لاتیہار پولیس کے سامنے خودسپردگی کردی تھی۔x

**MISRI SRILANKA**

سری لنکا کی 14 سیاسی پارٹیوں سے تعلق رکھنے والے نوجوان سیاسی لیڈروں پر مشتمل 14 رکنی وفد نے آج نئی دلی میں خارجہ سکریٹری وکرم مسری سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران خارجہ سکریٹری نے اُن سے بھارت-سری لنکا شراکت داری کو وسعت دینے نیز مستقبل کے روڈ میپ میں بطور شراکت دار اہم رول ادا کرنے کیلئے کہا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ نوجوان سیاسی لیڈروں پر مشتمل وفد نے بھارت کے دورے کیلئے اپنے دو ہفتہ طویل پروگرام کا آج آغاز کیا۔ X

**FATF- REPORT**

دہشت گردی کی مالی مدد پر نظر رکھنے والے عالمی ادارے مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس FATF نے ان ممکنہ خطرات کی نشاندہی کی ہے، جہاں تیزی سے ڈیجیٹل ہونے والی دنیا میں پیسے کا غلط استعمال کیا جاسکتا ہے۔ FATF نے کہا کہ دہشت گردی کی حمایت، غیرقانونی کمائی کو چھپانے یا عالمی امن کو نقصان پہنچانے والی سرگرمیوں کو فنڈ دینے کیلئے رقم کا غلط استعمال کیا جاسکتا ہے۔ FATF نے اُجاگر کیا کہ وہ دنیا کے مالیاتی نظام کے تحفظ کیلئے دنیا بھر کے ملکوں کے ساتھ کام کرتا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C- Anupam Mishra

*مالیاتی ایکشن ٹاسک فورس نے اِس سال جون اور جولائی میں شائع ہونے والی پیچیدہ مالیاتی توسیع اور پابندی سے بچاؤ کی اسکیمیں نیز دہشت گردی کی مالی معاونت کے خطرات سے متعلق جامع معلومات پر مشتمل اپنی دو رپورٹوں کا بھی حوالہ دیا ہے۔ FATF نے مزید کہا کہ پہلی رپورٹ میں*

*منطور شدہ افراد اور اداروں کی شناخت کو چھپانے کیلئے ملکیت سے متعلق معلومات میں ہیرا پھیری، ورچوئل اثاثوں اور کریپٹو کرنسیوں کا غلط استعمال اور بین الاقوامی ضابطوں کو نظرانداز کرنے کیلئے بحری شعبوں اور جہاز رانی کی صنعتوں کا فائدہ اٹھانے سمیت جدید طور طریقوں کا بڑے پیمانے پر احاطہ کیا گیا ہے۔ یہ جامع رپورٹ دہشت گردوں کی مالی مدد کے طور طریقوں نیز سرکاری حمایت یافتہ دہشت گردی کی بڑھتی ہوئی شمولیت سمیت اُبھرتے ہوئے خطرات کے بارے میں گہری بصیرت فراہم کرتی ہے۔ بھارت کے تعاون سے کی گئی ایک کیس اسٹڈی میں پاکستان میں سرکاری ملکیت والے قومی ترقیاتی کمپلیکس سے جنوبی ایشیائی خطے کیلئے پیدا ہونے والی مالیاتی توسیع کے خدشات کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ اِس مطالعے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان خطے میں مالیاتی توسیع کیلئے اعلیٰ خطرے کے حامل کا ملک بنا ہوا ہے۔*

*انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں۔۔۔*

## INDIA-UN PEACEKEEPING

بھارت نے اقوام متحدہ کے امن فوجیوں کے خلاف کیے گئے جرائم کیلئے انصاف کو یقینی بنانے کے اپنے عزم کو سختی سے دہرایا ہے، اور عالمی سطح پر امن مشن کی کامیابی کیلئے جوابدہی کو ایک اسٹریٹجک ضرورت قرار دیا ہے۔ جوابدہی کو فروغ دینے کیلئے گروپ آف فرینڈس کی ایک اعلیٰ سطحی UN میٹنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے کہا کہ اقوام متحدہ کے قیام امن فوجیوں کو خطرناک علاقوں میں اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے، سنگین خطرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس کے باوجود اُن کے خلاف کیے گئے بیشتر جرائم کا نوٹس نہیں لیا جاتا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جوابدہی کی کمی سے بین الاقوامی امن کوششوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ بھارت نے گزشتہ 70 سال میں 3 لاکھ سے زیادہ فوجیوں کو قیام امن کی کوششوں میں مختلف ملکوں میں بھیجا ہے، جس میں 182 فوجیوں شہید ہوئے۔X

## IMD-WEATHER

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے بہار، ساحلی کرناٹک، مشرقی مدھیہ پردیش، مشرقی راجستھان، مشرقی اترپردیش، جموں و کشمیر، لداخ، کیرالہ، ماہے اور جھارکھنڈ میں دور دراز کے علاقوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اوڈیشہ، پنجاب، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، تمل ناڈو، پڈوچیری اور اتراکھنڈ میں بھی اگلے دو روز کے دوران شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD کے مطابق، امکان ہے کہ آج آندھراپردیش کے دور درواز کے مقامات پر گرمی اور حبس کا موسم رہے گا۔x

**BADMINTON**

جاپان اوپن بیڈمنٹن میں بھارت کی مہم کی شروعات آج ٹوکیو میں اچھی رہی۔ مردوں کے ڈبلز کی جوڑی میں سَتوِک سائی راج رَنکی ریڈی اور چراغ شیٹی اور سنگلز میں لکشیہ سین نے دوسرے راؤنڈ میں اپنا اپنا میچ جیت لیا ہے۔ عالمی نمبر 15 کی جوڑی ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی نے جنوبی کوریا کے کھلاڑی Kang Min Hyuk اور Kim Dong Ju کو اکیس-اٹھارہ، اکیس-دس سے افتتاحی میچ میں شکست دی۔

مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین نے چین کے کھلاڑی Wang Zheng Xing کو اکیس-گیارہ، اکیس-اٹھارہ سے ہرادیا، جبکہ خواتین کے سنگلز میں دوبار اولمپک میں تمغہ حاصل کرنے والی پی وی سندھو کوریا کی کھلاڑی Sim Yu Jin سے پہلے راؤنڈ میں ہار کر باہر ہوگئی ہیں۔×

**CRICKET INDIA VS ENGLAND**

بھارت کی خواتین کرکٹ ٹیم انگلینڈ کے Southampton کے مقام پر Rose Bowl میں آج سے شروع ہونے والی تین میچوں کی سیریز کے پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں انگلینڈ کا سامنا کرے گی۔ میچ شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔ اس میچ کو اس سال کے آخر میں ملک میں ہونے والے ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کے عالمی کپ کے لیے بھارت کی تیاری کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ ہرمن پریت کور کی کپتانی میں بھارت، انگلینڈ میں پہلی مرتبہ T-20 سیریز جیتنے کے بعد اب پورے اعتماد سے 50 اوور کے میچ کھیلے گا۔ ×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆